پاکستان اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن (پیما)

پیما سیکرٹریٹ۔دوسری منزل' شالیمار سنٹر' ایف ایٹ مرکز' اسلام آباد۔فون نمبر 2261943' فیکس 2857132

حکومت ایس او پیز پر عمل درآمد کی پوری ذمہ داری لے: طبی تنظیمیں

کورونا کے حوالے سے صورتحال انتہائی تشویش ناک ہے، ہیلتھ کیئر ورکرز کی سکریننگ کی جائے: لاہور میں پریس کانفرنس

پریس ریلیز: 10 مئی 2020ء

ملک کے معروف طبی ماہرین اور ڈاکٹرز تنظیموں نے کورونا وائرس سے متعلق موجودہ صورتحال کو انتہائی تشویش ناک قرار دیا ہے، اور کہا ہے کہ لاک ڈاؤن میں کمی کے بعد حکومت کو ایس او پیز پر عمل درآمد کی پوری ذمہ داری بھی لینی چاہیے۔ پاکستان اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن (پیما) کے مرکزی صدر پروفیسر محمد افضل میاں، صدر پی ایم اے لاہور پروفیسر محمد اشرف نظامی، صدر پاکستان اکیڈمی آف فیملی فزیشنز ڈاکٹر طارق میاں، نائب صدر پاکستان سوسائٹی آف گیسٹرو انٹرولوجی پروفیسر محمد ہارون یوسف اور صدر ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن پنجاب ڈاکٹر سلمان حسیب نے لاہور پریس کلب میں مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ دو ہفتوں کے دوران کورونا کیسز میں تین گنا اور اموات میں پانچ گنا اضافہ ہوا۔ اس سے حالات کی سنگینی کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ لاک ڈاؤن سے معاشی مشکلات کا احساس قابل توجہ ہے لیکن اس کا یہ حل نہیں ہے کہ غریب عوام کو بیماری کے اضافہ بوجھ سے بھی دوچار کر دیا جائے۔ پروفیسر محمد افضل میاں نے کہا کہ لاک ڈاؤن کو اس وقت تک جاری رکھنا چاہیے جب تک کورونا کیسز کی تعداد میں کمی واقع نہ ہو۔ محدود سرگرمیوں کے لیے ایس او پیز کا گزشتہ چند ہفتوں میں کوئی چیک دیکھنے میں نہیں آیا، حکومت ایس او پیز پر عمل درآمد کو یقینی بنائے، محض شہریوں پر چھوڑ دینے سے اس کے مثبت نتائج نکلنے کے امکانات انتہائی کم ہیں کیونکہ ہماری عام آبادی میں عمومی نظم وضبط و ڈسپلن کا کوئی تصور موجود نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحت کی دیکھ بھال کرنے والے ورکرز اور ڈاکٹرز کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے کٹس کی قلت کو دور کرنا حکومتی ذمہ داری ہے۔ تمام ہیلتھ کیئر ورکرز کی لازمی سکریننگ یقینی بنائی جائے۔

پیما صدر نے عوام سے اپیل کی کہ وہ لاک ڈاؤن میں نرمی کے باوجود صرف اشد ضرورت کے وقت باہر نکلیں۔ ماسک کا استعمال کریں، ایک دوسرے سے فاصلہ رکھیں، ہجوم والی جگہوں پر جانے سے گریز کریں اور ہاتھوں کو مسلسل صابن سے دھونے کا عمل جاری رکھیں۔

جاری کردہ

عبدالودود

میڈیا کوآرڈی نیٹر، پاکستان اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن

0332-5564935